Alberta

**نیوز ریلیز**

# مسند (Throne) کی طرف سے خطاب: البرٹا کو نتائج کے ساتھ آگے بڑھانا

23 اکتوبر، 2025ء

---

البرٹا کی حکومت عمل پر توجہ دے رہی ہے اور منصوبوں کو ایسے نتائج میں تبدیل کر رہی ہے جن پر البرٹا میں رہنے والے لوگ بھروسہ کر سکتے ہیں۔

مسند کی طرف سے موسم خزاں 2025ء کا خطاب اس قانون ساز اجلاس کیلئے ایک واضح ہدایت کو بیان کرتا ہے: آزادیوں کی حفاظت کرنا، البرٹا کے وافر قدرتی وسائل کی ذمہ دارانہ نشوونما کو فروغ دینا، بنیادی خدمات کو مضبوط بنانا، اور البرٹا میں رہنے والے ہر فرد کی طویل مدتی خوشحالی کی تشکیل کرنا۔

"البرٹنز اپنی ترجیحات کے بارے میں واضح طور پر آگاہ رہے ہیں، اور یہ حکومت ان پر عمل پیرا ہے۔ اس قانون سازی کے اجلاس کے ذریعے، ہم ان ترجیحات کو پالیسیوں کے ساتھ عمل میں لا رہے ہیں جو صحت کی نگہداشت کو مضبوط بناتی ہیں، کلاس رومز کو بہتر بناتی ہیں، آزادیوں کا تحفظ کرتی ہیں، اور قوم کی تعمیر و ترقی کے منصوبوں کو آگے بڑھاتی ہیں جو کینیڈا کے مستقبل میں ایک محرک طاقت کے طور پر البرٹا کے کردار کو مضبوط کرتا ہے۔"

*ڈینیئل اسمتھ، پریمیئر (Danielle Smith, Premier)*

"چونکہ البرٹا مجلس قانون ساز اپنا موسم خزاں کا اجلاس شروع کر رہی ہے، میں اپنا آئینی فریضہ ادا کرتے ہوئے اور مسند سے خطاب کرتے ہوئے خوشی محسوس کرتی ہوں۔ مجھے یقین ہے کہ آنے والے ہفتوں میں، صوبے کے منتخب نمائندگان مستعدی، ہمدردی اور باہمی عزت و احترام کے ساتھ کام کریں گے کیونکہ وہ البرٹا میں رہنے والے تمام لوگوں کیلئے ایک بہتر دنیا تشکیل دے رہے ہیں۔"

*لیفٹیننٹ گورنر سلمٰی لاکھانی (Lt.-Gov. Salma Lakhani)*

مسند کی تقریر نے اکتسویں قانون ساز مجلس کے دوسرے اجلاس کا آغاز کیا ہے۔ اس قانون ساز اجلاس کے دوران، البرٹا کی حکومت متعدد ترجیحات پر عمل کرے گی جیسے کہ تقریر میں خاکہ بیان کیا گیا ہے:

**وفاقی اور امریکی تعلقات**

البرٹا کی حکومت ایسے فیصلے کرنے کیلئے اپنے آئینی دائرہ اختیار کا دفاع اور استعمال جاری رکھے گی جو البرٹا کی ترجیحات اور اقدار کی عکاسی کرتے ہیں۔ صوبے کے قدرتی وسائل کو ذمہ داری سے ترقی دینے کیلئے صوبہ دیگر دائرہ اختیارات، فرسٹ نیشنز اور صنعت کے ساتھ شراکت داری کرے گا جبکہ البرٹا - یو ایس تعلقات میں سفارت کاری اور باعزت مکالمے کو جاری رکھے گا۔

**معیشت اور بجٹ**

حکومت توانائی کی قیمتوں میں اتراؤ چڑھاؤ، امریکی محصولات کے منفی اثرات اور دوسرے بیرونی خطرات کے خلاف صوبے کی مالیات اور معیشت کے تحفظ پر توجہ دینا جاری رکھے گی۔ مسلسل تنوع کیلئے مدد فراہم کی جائے گی، جب کہ قانونی مالیاتی رہنما خطوط کے ایک سلسلے کے ذریعے اخراجات کو منظم رکھا جائے گا۔ البرٹا ہیریٹیج سیونگز ٹرسٹ فنڈ کو 2050ء تک 250 بلین ڈالر سے زائد کرنے کے منصوبے اپنی جگہ صحیح راستے پر گامزن ہیں۔

## نیوز ریلیز

### امیگریشن اوربنیادی ڈھانچہ

صوبے کے سماجی، ثقافتی، اور اقتصادی تانے بانے کے لازم جُزو کے طور پر نئے آنے والوں کا گرم جوشی سے خیر مقدم جاری رہے گا۔ صوبہ امیگریشن پر زیادہ کنٹرول رکھے گا اور موجودہ وفاقی پالیسیوں کے مقابلے میں زیادہ پائیدار طریقہ اپنائے گا۔ حکومت ٹرانسپورٹیشن کے نیٹ ورکس، دوسرے بنیادی ڈھانچے اور سوشل سروسز میں حکمت عملی سے سرمایہ کاری جاری رکھے گی جو آبادی میں اضافے کے دباؤ کی وجہ سے بوجھ کا شکار ہیں۔

### تعلیم

پچھلے تین سال میں 90,000 سے زائد طلباء کے تیزی سے اضافے کیلئے گنجائش نکالنے کی خاطر تعلیمی نظام میں سرمایہ کاریوں کو ترجیح دی جائے گی۔ صوبہ 130 اسکولوں کی تعمیر اور نئے اسکولوں کیلئے 200,000 نئی جگہیں کھولنے کیلئے 8.6 بلین ڈالر کی سرمایہ کاری کرنے کا عزم رکھتا ہے۔ یہ فنڈنگ کلاس رومز کو طاقت بخشے گی اور اساتذہ کو وہ امداد حاصل ہوگی جس کی انہیں ہر طالبعلم کو اس کی مکمل صلاحیت تک پہنچنے میں مدد دینے کیلئے ضرورت ہوگی۔

### صحت کی نگہداشت

البرٹا کا صحت کی نگہداشت کا نظام ایک نئے دور میں داخل ہوگا، بنیادی اور روک تھام کی نگہداشت، رواں نگہداشت، دماغی صحت اور ہمدردانہ مداخلت میں رواں سرمایہ کاریوں کے ذریعے، البرٹا کے رہنے والوں کو اپنی ضروریات کی دیکھ بھال کی خاطر قابل اعتماد رسائی حاصل ہوگی – جب بھی اور جہاں بھی انہیں اس کی ضرورت ہوگی۔

### انصاف اور عوامی تحفظ

البرٹنز کے ذاتی حقوق اور آزادی کی حفاظت کی جائے گی جب کہ پولیس اور عوامی تحفظ میں حکمت عملی سے سرمایہ کاری کی جائے گی۔

### خودمختاری

وہ پالیسی جو متحدہ کینیڈا کے اندر ایک مضبوط، آزاد اور خود مختار البرٹا کی تائید کرتی ہے حکومت کے قانون سازی کے مینڈیٹ کی قیادت کرتی رہے گی۔ وفاق کی کسی بھی ایسی پالیسیوں کی بھرپور اور پُرعزم مخالفت کی جائے گی جس سے صوبے اور قومی معاشی خوشحالی کو خطرہ ہو۔

### متعلقہ معلومات

- مسند کی تقریر کی جھلکیاں
- مسند کی تقریر کا مَتن

### ملٹی میڈیا

- مسند کی تقریر دیکھیں

### میڈیا انکوائریز

سَیم بلیکیٹ (Sam Blackett)
sam.blackett@gov.ab.ca
587-589-6048
پریس سیکریٹری، آفس آف دی پریمیئر